BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

## سٹی آف برامپٹن بھرپور طور پر آگ سے بچاؤ کا ہفتہ منا رہا ہے

برامپٹن، آن (5 اکتوبر 2023) – مورخہ 7 سے 14 اکتوبر تک سٹی آف برامپٹن اور برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، نیشنل فائر پروٹیکشن ایسوسی ایشن® ((NFPA®) — جو کہ فائر پریونشن ویک™ کے باضابطہ اسپانسر بھی ہیں، کے ساتھ مل کر آگ سے بچاؤ کا ہفتہ منا رہے ہیں جس کا مقصد آگ سے محفوظ رہنے اور بچاؤ کے لیے تیاری مکمل کرنے کے حوالے سے کمیونٹی کو آگاہی فراہم کرنا ہے۔

اس سال کا تھیم ہے *کھانے پکانے کو محفوظ بنانا آپ سے شروع ہوتا ہے ((Cooking safe starts with you آگ سے بچاؤ پر توجہ دیں*۔ این برج گیس کی طرف سے اسپانسر کردہ اس مہم میں ہر ایک کو کچھ سادہ لیکن ایسے اہم اقدامات کے بارے میں آگاہ فراہم کی جائے گی جن پر وہ خود کو اور اپنے آس پاس کے لوگوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کھانا پکاتے وقت عمل کر سکتے ہیں۔

**باورچی خانے میں محفوظ رہنے کے لیے مفید مشورے**

- گرم کرنے والی ہر چیز پر نظر رکھیں۔ آپ جو کچھ پکا رہے ہوں اس پر ہمیشہ گہری نظر رکھیں۔ اپنے آپ کو یاد دلانے کے لیے ٹائمر لگا لیں کہ آپ کچھ پکا رہے ہیں۔
- برتن کے ہینڈلز کو چولہے کے پچھلے حصے کی طرف موڑ دیں۔ کھانا پکاتے وقت ڈھکن ہمیشہ قریب رکھیں۔ اگر چکنائی کی کوئی ہلکی آگ شروع ہو جاتی ہے، تو برتن کے ڈھکن کو اوپر رکھ دیں اور برنر کو بند کر دیں۔
- چولہے یا گرل کے ارد گرد کم از کم 3 فٹ (1 میٹر) تک "بچوں اور پالتو جانوروں کو دور رکھیں" اور اس کے علاوہ پکانے کی دوسری جگہوں سے بھی انہیں دور رکھیں۔
- آگ لگنے کی صورت میں فوری طور پر 9-1-1 پر کال کریں! باہر نکل جائیں اور باہر ہی رہیں!

آگ سے بچاؤ کا ہفتہ منانے کے لیے، برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اپنے فائر اسٹیشنز پر اوپن ہاؤسز کا انعقاد کریں گی اور شہر بھر میں منعقد کیے جانے والے فائر سیفٹی ڈسپلے کی میزبانی کریں گی۔

**تقریبات اور موقع پر بلا دعوت تشریف لانے کے مواقع**

**کیا:** فائر سیفٹی ڈسپلے

**تاریخ:** اکتوبر 7

**وقت:** صبح 7:30 تا دن 2:00 بجے تک

**کہاں:** فارمرز مارکیٹ، گیج پارک

**کیا:** فائر سیفٹی ڈسپلے

**تاریخ:** اکتوبر 7

**وقت:** صبح 9:00 تا دن 1:00 بجے تک

**کہاں:** Lowe's Home Improvement North, 10111 Heart Lake Road

**کیا:** فائر سیفٹی ڈسپلے

**تاریخ:** اکتوبر 7

**وقت:** صبح 9:00 تا دن 1:00 بجے تک

**کہاں:** Lowe's Home Improvement South, 370 Kennedy Rd S

**کیا:** اسٹیشن 213 اوپن ہاؤس

**کب**: اکتوبر 10

**وقت:** دن 3:30 تا شام 7:00 بجے تک

**کہاں:** Station 213 Open House, 4075 Ebenezer Rd

**کیا:** اسٹیشن 205 اوپن ہاؤس

**کب:** اکتوبر 11

**وقت:** دن 3:30 تا شام 7:00 بجے تک

**کہاں:** Station 205 Open House, 95 Sandalwood Pkwy

**کیا:** اسٹیشن 204 اوپن ہاؤس

**کب:** 12 اکتوبر 2023

**وقت:** دن 3:30 تا شام 7:00 بجے تک

**کہاں:** اسٹیشن 204 اوپن ہاؤس، 657 Queen St

BRAMPTON

**Media Release**

**کیا:** فائر سیفٹی ڈسپلے

**کب:** 14 اکتوبر 2023

**وقت:** صبح 10:00 - دن 2:00 بجے تک

**کہاں:** Bramalea City Centre, Lower level near Old Navy

آگ سے بچاؤ کے ہفتہ اور محفوظ طور پر کھانا پکانے کے بارے میں مزید عمومی معلومات کے لیے، www.bramptonfire.com اور www.fpw.org ملاحظہ کریں۔ بچوں کے لیے فائر سیفٹی تفریح کے لیے، sparky.org ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"جب کھانا پکانے کے دوران محفوظ رہنے کی بات آتی ہے، تو اس سال کے آگ سے بچاؤ کے ہفتہ کا تھیم ہم سب کے لیے ایک اہم یاد دہانی ثابت ہو گا۔ حادثات بہت جلدی سے رونما ہو سکتے ہیں اور باورچی خانے میں تیار رہنا اور محفوظ رہنا ضروری ہے۔ میں اپنے تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنے گھروں سے باہر تشریف لائیں اور برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور فائر سیفٹی کے بارے میں مزید جانیں تاکہ ہماری کمیونٹی میں 7 تا 14 اکتوبر تک کے ہفتہ کو آتشزدگی سے بچاؤ کے ہفتہ کے طور پر بھرپور طریقے سے منایا جا سکے۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"آگ سے بچاؤ ایک انتہائی اہم موضوع ہے اور اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہمارے رہائشی اپنے گھروں میں محفوظ رہیں۔ آگ سے بچاؤ کے ہفتہ کے دوران میں تمام رہائشیوں کو اس بات کو یقینی بنانے کی ترغیب دیتی ہوں کہ ان کے گھر ہر ممکن حد تک آگ سے محفوظ ہونے چاہیں۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ گھر میں موجود ہر شخص کو باورچی خانے کے قواعد وضوابط کا علم ہو، ہماری قیمتی جانیں بچانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ میں کمیونٹی میں منعقد کی جانے والی تقریبات میں رہائشیوں کو دیکھنے کی منتظر ہوں اور برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ ہماری کمیونٹی کو محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی قابل تعریف کام کرتے ہیں۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"آگ سے بچاؤ کا ہفتہ لوگوں کے لیے یہ یقینی بنانے کا بہترین وقت ہوتا ہے کہ ان کے گھر آگ سے محفوظ ہوں اور آگ لگنے کی صورت میں ان کے پاس باہر بھاگنے کا ایک کارآمد منصوبہ موجود ہو۔ باورچی خانے میں لگنے والی آگ، گھروں میں آگ لگنے کی سب سے بڑی وجوہات میں سے ایک ہے اور یہ بہت جلد پھیل سکتی ہے۔ کھانا پکاتے وقت باورچی خانے میں چند اصولوں پر عمل درآمد کرنے سے، رہائشی خود کو اور اپنے پیاروں کو محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔"

- *اینڈریو وون ہولٹ، ایکٹنگ فائر چیف، برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارا ساتھ ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط رہیں۔ مزید جانیں: www.brampton.ca

BRAMPTON

Media Release

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca